Urdu

Palliative Care Victoria

# تسکینی نگہداشت (Palliative Care) کیا ہے؟

## What is Palliative Care?

تسکینی نگہداشت (Palliative Care) کا مطلب وہ طبی نگہداشت ہے جو لاعلاج بیماریوں کے شکار افراد میں تکلیف کم کرتی ہے۔ یہ مریضوں اور ان کے خاندانوں کے آرام، ان کو سہارا دینے اور زندگی کے معیار کو بہتر بنانے پر توجہ مرکوز کرتی ہے۔ یہ لوگوں کو جب تک ممکن ہو، بہترین زندگی گزارنے میں مدد فراہم کرتی ہے۔

Palliative care is health care for people living with a terminal illness. It focuses on comfort, support, and quality of life for patients and their families. It helps people live as well as they can for as long as they can.

### تسکینی نگہداشت کب شروع ہو سکتی ہے؟

تسکینی نگہداشت بڑھتی ہوئی بیماری کے کسی بھی مرحلے پر شروع کی جا سکتی ہے، نہ کہ صرف آخری ہفتوں یا دنوں میں۔ کئی صورتوں میں، ایک شخص اپنی بیماری کا دیگر علاج کروانے کے ساتھ ساتھ تسکینی نگہداشت بھی حاصل کر سکتا ہے۔

### When can palliative care start?

Palliative care can start at any time of a progressive illness, not just in the final weeks or days. In many cases, a person can receive palliative care while they are still receiving other treatments for their illness.

## Who provides palliative care?

Palliative care can be provided by any health professional such as a general practitioner, medical specialist or nurse.

Specialist palliative care services can be involved when a person's symptoms become more complex. They are usually led by a doctor or a nurse who specialises in controlling end of life symptoms such as strong pain, vomiting and difficulty in breathing.

A specialist palliative care team will continue to work in partnership with a person's existing healthcare team and may include:

- Doctors
- Nurses
- Allied health professionals
- Pharmacists
- Psychologists
- Spiritual or pastoral care workers
- Palliative care volunteers

## How to get specialist palliative care services?

A referral to specialist palliative care services can be made by an individual or family member or carer, or any health professional.



## تسکینی نگہداشت کون فراہم کرتا ہے؟

تسکینی نگہداشت کوئی بھی طبی ماہر فراہم کرسکتا ہے، جیسے کہ جی پی (GP)، میڈیکل سپیشلسٹ یا نرس۔

مریض کی علامات مزید پیچیدہ ہونے کی صورت میں، ماہرانہ تسکینی نگہداشت کی خدمات (Specialist Palliative Care Services) حاصل کی جا سکتی ہیں۔ یہ عام طور پر ایسے ڈاکٹر یا نرس کی زیرِ نگرانی فراہم کی جاتی ہے جو زندگی کے آخری مرحلے کی علامات، جیسے کہ شدید درد، قے اور سانس لینے میں دشواری پر قابو پانے میں مہارت رکھتے ہوں۔

ماہرانہ (Specialist) تسکینی نگہداشت کی ٹیم مریض کی موجودہ ہیلتھ کیئر ٹیم کے ساتھ اشتراک سے کام جاری رکھے گی، جس میں درج ذیل شامل ہو سکتے ہیں:

- ڈاکٹرز
- نرسیں
- ایلائڈ ہیلتھ پروفیشنل
- فارماسسٹ
- ماہرینِ نفسیات
- روحانی یا مذہبی نگہداشت فراہم کرنے والے
- تسکینی نگہداشت کے رضا کار

## ماہرانہ (Specialist) تسکینی نگہداشت کی خدمات کیسے حاصل کی جا سکتی ہیں؟

ماہرانہ تسکینی نگہداشت کی خدمات کے لیے کوئی بھی فرد، خاندان کا رکن، دیکھ بھال کرنے والا، یا کوئی بھی طبی ماہر رجوع کر سکتا ہے۔

## What care do specialist palliative care services provide?

Specialist palliative care services include:

- Help controlling complex physical symptoms
- Support with social, cultural and spiritual concerns
- Counselling and grief support for the person and their family or carers

## Where can specialist palliative care services be provided?

Palliative care can be provided:

- At home
- In hospital
- In a hospice
- In a residential aged care home
- In supported disability accommodation

## How much do specialist palliative care services cost?

Most palliative care services are free. There may be some costs for medicines or equipment which will be discussed if required.

## What support is available for family and carers?

Specialist palliative care services also provide practical and emotional support for families and carers.

## ماہرانہ تسکینی نگہداشت کی خدمات کس قسم کی دیکھ بھال فراہم کرتی ہیں؟

ماہرانہ تسکینی نگہداشت کی خدمات میں درج ذیل شامل ہیں:

- پیچیدہ جسمانی علامات پر قابو پانے میں مدد
- سماجی، ثقافتی اور روحانی مسائل میں مدد
- مریض، ان کے اہل خانہ یا دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے کونسلنگ اور غم میں مدد

## ماہرانہ تسکینی نگہداشت کی خدمات کہاں فراہم کی جا سکتی ہیں؟

تسکینی نگہداشت درج ذیل جگھوں پر دی جا سکتی ہیں:

- گھر پر
- ہسپتال میں
- ہاسپیس میں
- ایجیڈ کیئر ہوم میں
- معذوری کے لیے معاون رہائش گاہ میں

## ماہرانہ تسکینی نگہداشت کی خدمات کے اخراجات کیا ہیں؟

زیادہ طر تسکینی نگہداشت کی خدمات مفت ہیں۔ ادویات یا طبی آلات کے کچھ اخراجات ہو سکتے ہیں، جن کے بارے میں ضرورت پڑنے پر آپ سے مشورہ یا بات چیت کی جائے گی۔

## اہل خانہ اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے کیا مدد دستیاب ہے؟

ماہرانہ تسکینی نگہداشت کی خدمات خاندان کے ارکان اور دیکھ بھال کرنے والوں کے لیے عملی اور جذباتی مدد بھی فراہم کرتی ہیں۔

## What if an interpreter is needed?

It is important to let the service know if an interpreter is needed for a visit.

## How do I find a service or get more information?

- Talk to your doctor, specialist or any health professional
- Call your local Palliative Care Service
- Contact Palliative Care Victoria
  - » Telephone 03 9962 9644 (9am to 5pm, Monday to Friday)
  - » Email: info@pallcarevic.asn.au
  - » Visit the website: https://www.pallcarevic.asn.au/

Interpreter

A telephone interpreter can be arranged. Please tell us what language you need.



## اگر آپ کو مترجم کی ضرورت ہو تو کیا کریں؟

مترجم کی ضرورت کے بارے میں سروس کو پہلے سے مطلع کرنا ضروری ہے۔

## میں سروس کیسے تلاش کر سکتا ہوں یا مزید معلومات کیسے حاصل کروں؟

- اپنے ڈاکٹر، سپیشلسٹ یا کسی بھی طبی ماہر (Health Professional) سے بات کریں
- اپنی مقامی تسکینی نگہداشت کی سروس (Local Palliative Care Service) کو کال کریں
- پیلئیٹو کیئر وکٹوریہ (Palliative Care Victoria) سے رابطہ کریں
  - » ٹیلی فون: 03 9962 9644 (صبح 9 بجے سے شام 5 بجے تک، پیر سے جمعہ)
  - » ای میل: info@pallcarevic.asn.au
  - » ویب سائٹ دیکھیں: https://www.pallcarevic.asn.au/

فون پر بات چیت کے لیے مترجم کا انتظام کیا جا سکتا ہے۔ برائے مہربانی ہمیں بتائیں کہ آپ کو کون سی زبان درکار ہے۔

Interpreter

ہماری ویب سائٹ دیکھنے کے لیے اسکین کریں

Scan to view our website

Palliative Care Victoria

# تسکینی نگہداشت (Palliative Care) کیا ہے؟

Urdu